QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 118

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 07 نومبر 2025ء ۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کے سلسلے میں لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبوں کی تنصیب کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 09 نومبر (بروز اتوار) مری آباد گرڈ اسٹیشن کے حالی روڈ فیڈر صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی اسی طرح 8 نومبر اور 9 نومبر کو (روزانہ) کچلاک گرڈ اسٹیشن کے 11kv ڈی ایچ اے ون، ڈی ایچ اے ٹو، باچا آغا، ستار، اغبرگ فیڈروں سے صبح 9 بجے تا شام 5 بجے بجلی بند ہوگی۔علاوہ ازیں 10 نومبر کو (بروز پیر) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے ملک پلانٹ، پی اے ایف، شہباز ٹاون فیڈرز جبکہ مری آباد گرڈ اسٹیشن کے طوغی روڈ، سٹی فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہیگی۔دریں اثناء نیشنل ہائی وے کی جانب سے سوراب تا کھڈکوچہ شاہراہ کی توسیع کیا جارہا ہے جس کے باعث 132kv مستونگ۔منگچر ٹرانسمیشن لائن سے 10 نومبر کو صبح 9 بجے سے 11 نومبر کی رات 8 بجے تک بجلی بند ہوگی تاہم اس دورانیہ میں 132Kv کھڈکوچہ گرڈ اسٹیشن متاثر ہوں گے جسے متبادل انتظام کے زریعے لوڈ مینجمنٹ کے تحت بجلی فراہم کی جائے گی۔کیسکو نے متعلقہ صارفین سے بجلی بندش پر زحمت کیلئے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

# # #